تو اظہار کریگا تو شمشیر سی سر تیرا جدا کرینگی یوسف خاموش رہی القصہ اونکو
معرض بیع مین لائی مالک نی کہا جو درم میری پاس تہی بضاعت اوسکی
خرید کی مینی اور عادت اوسوقت کی یہہ تہی کہ کمتر چہل سی گنتی تہی اور زیادہ
جو اوسی ہوا اوسی وزن کرلیتی تہی ہرگاہ مالک نی اون درہم کو شمار کیا تو
تہی اور بعضی کہتی ہین کہ بیست تہی کہ سرہبائی نی دو دلی تہی حضرت ابو جعفر
باقر سی مروی ہی کہ اٹہارہ درہم تہی سابر تفسیر وسیطی مرقوم ہی کہ یہودا نی
کچہہ نہ لیا القصہ مالک نی یوسف کو مول لیا اور برادران یعنی درہم سی لی
اور کاروانیان بحکمت ساکنی اوزکی بی رغبت تہی خبر مین آیا ہی کہ ایک روز یوسف
نی آئینہ مین نگاہ کی جمال اپنا دیکہا اور متعجب ہی اور خیال کیا اگر مین بندہ ہوتا
تو قیمت میری حد سی متجاوز رہتی لہذا حق تعالی نی ذکو قیمت ناقص کر دیا ابو حمزہ ثمالی
سی روایت ہی ہرگاہ کہ مالک نی یوسف کو مول لیا انتفاع کثیر اوسکو راہ مین
ہم پہونچی تا اینکہ اونکو مصر مین بیچا اور وہ خیر و برکت اوسی مفقود ہوی جانا اوسنی
کہ یہ برکت بسبب یوسف کی تہی بعد اسکی نزدیک یوسف کی آیا اور کہا کہ تم
کون شخص ہو کہا اونہون نی کہ مین پسر یعقوب بن اسحاق بن ابراہیم ہون
مالک نی گلی سی لگایا اور بہت سا رویا اور مالک کی بیٹا نہو تا تہا یوسف سی کہا
کہ دعا کرین کہ حق تعالی اوسکو فرزند عطا کری چنانچہ مطابق دعای حضرت یوسف
کی حق تعالی نی بارہ بیٹی اوسکو دی ہر بطن مین دو لڑکی القصہ اول حالین کہ
نی یوسف کو مول لیا تہا مطابق کہنی برادران یوسف کی ایسا کہ غل و زنجیر حاضر کرو

سچی

وسو

نگاہ کہ چشم یوسف غل و زنجیر پر پڑی گریان ہوی مالک نی کہا کہ ای غلام تم
نکر کہ غلام گریزپا کو سوای غل و زنجیر کی چارہ نہین ہی یوسف نی کہا کہ مین غل
اور زنجیر تہاری سی فغان مین نہین آیا ہون بلکہ وہ وقت مجہکو یاد آیا ہی کہ جسوقت
بادشاہ جبار عادل زمانہ وو زنجیر فرمایا و کیا کرلی اس بندہ عاصی کو اور غل
اوسکی گردن مین پہنایا اور زنجیر پاؤن اوسکی مین ڈالو کہ فرمان دیا باہر ہوا ہی مالک اوس
گفتار سی متحیر ہوا اور آہستہ یوسف سی کہا کہ ای غلام مین تجہی اعلی کہا ہی نی
خواجگان تیری لی قید کرتا ہون یوسف نی کہا کہ جب اس منزل سی آگی گئین کی غل
زنجیر سی تجہی خلاصی دین گی بعد اسکی مالک نی سامنی خواجگان کی پلاس کو پہنایا
کلمہ تجدید یوسف کو سنائی بعد اسکی فرزندان یعقوب خاطر جمع کرکی متوجہ کنعان ہوی
یوسف ہر رتبہ دیگر رونی لگی مالک نی کہا کہ ای غلام تو کیون روتا ہی اور صبر
کیون نہین اختیار کرتا کہا ای مالک تحمل فراق نہین رکہتا ہون اجازت دی کہ تا جاؤن
اور اپنی بیچنی والونکو دیکہہ لون مین اونکو وداع کرلون مالک نی کہا ای غلام
مین اونسی اثر مہر و محبت طرف تیری نہین دیکہتا ہون بلکہ اور سوای تفرقہ اور خشونت
رسی اور کچہ نہین دیکہتا ہون یوسف نی کہا کہ اگر یہہ مجہسی نفرت رکہتی ہین لیکن مین اونسی
اگر وہ دوست نہین رکہتی ہین مین اونہین دوست رکہتا ہون تو اونکو ندا کرتا ہون
اون مالک نی آواز دی کہ ای جوانو ٹہری رہو کہ یہ غلام کچہہ کہا چاہتا ہی یوسف
نزدیک بیچنی والون اپنی کی آئی درحالتیکہ غل و زنجیر پہنی تہی اور کہا یوسف نی
ای عزیزان جو کچہہ کہ تمنی کیا صبر کیا مینی لو پسر امیدوار اسکا ہون مین کہ آپ میری

میری نسبتی دنیا سے تھی لا امکان رعایت اوس پیر مبتلا بہجران کے کرنا یہ ہو دار و پی لگا اور
یوسف کو گلے لگایا اور کہا کہ ای جان برادر مردانہ رہ اور کار اپنا خدا پر
رکھ بعد اسکے ایک شتر لائی اور یوسف کو سوار کیا اور ایک غلام زشت رو
اور بدخو کو اوپر اونکے موکل کیا اور کاروان جانب مصر کے روانہ ہوا
یوسف مونھ طرف عقب دیکھا اور کہا ای پدر بزرگوار میری مصیبت کو نہین
دیکھتے ہو کہ مین غریبی اور ذلت بندگی مین گرفتار ہون لیکن ہرگز خاطر اپنی سے
مجھے فراموش نکرو کہ مین شفقت اور دلسوزی تیری کو یاد رکہتا ہون اور کاروان
تمام شب راہ جاتا تہا ایک صحرا کو مقابر آل اسحاق پر گذر ہوا یوسف نے دیکھا
قبر مادر کی اور بالائی شتر سے سر قبر مادر پر گرا دیا اپنی تئین اور تربیت عہد کودکی
کو یاد مین لائی اور مہر او شفقت یاد آئی رونے لگی اور آواز دی کہ ای مادر
مہربان سر اپنا اوٹہاؤ اور حال فرزند اپنی کی نگاہ کر مین بیٹا تیرا ہون
کہ غل میری گردن مین پہنایا ہی اور ثیاب بدن مین پہنایا ہی اور زنجیر پاؤن مین ڈالی ہی اور
بہ تہمت بندگی مجھے بیچا ہی اور دل پدر میری کو آتش ہجر اپنی سے جلایا ہی قبر جلیل
سی آواز آئی کہ ای فرزند پسندیدہ اور ای نور دیدہ برگزیدہ غم میری کو زیادہ
کیا تو نے اور الم میری کو دو چند کیا پس صبر کر تو بدرستی خدا ساتھ صبر کرنی والو کی
ہی جسوقت کہ روز روشن ہوا وہ غلام کہ یوسف پر موکل تہا دیکہا او سنے کہ
یوسف اونٹ پر نہین ہین بعد اسکی دیکہا کہ سر قبر پر بیٹہی ہین اور زار زار روتے ہین
اوس بیرحم نابکار نے قہر سے طمانچہ اوپر روی یوسف کے مارا کہ روی نازک کو اوس

صدمہ اوس طمانچہ سے شگافتہ ہوا اور روی مبارک کا رنگ خون سے آلودہ ہوا اور کہا کہ
ای غلام خواجگان تیری بات کہتی تہی کہ تو غلام گریزپا ہی کہتے یوسف بولے لیکن اوس
اردو سی روئے کہ علیا ملکوت مین پوشیدہ نہین کہ جا می است اور افسوس کہ
کہ حضرت یوسف باوجود امید رکہنی زیارت کی بار دیگر اسقدر اضطراب و آہ مفارقت
پدر مادر کی کرتی تہی لیکن احوال وداع ہونی جناب سید الشہدا علیہ السلام کا قبر جد بزرگوار
اور قبر مادر عالیمقدار سے ملاحظہ کیا چاہیے کہ باوجود جانتی آنحضرت کی کہ پہر زیارت
نصیب نہوگی کس ناامیدی او حسرت سے جدا ہوئے ہونگی چنانچہ منقول ہی کہ جس شب ولید نابکار
حکم یزید پلید اخذ بیعت کی طلب کیا چاہتا تہا جناب سید الشہدا علیہ السلام واسطی زیارت
قبر جد بزرگوار کی آئی اور فرمایا اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ اَنَا الْحُسَیْنُ
اِبْنُ فَاطِمَۃَ فَرْخُکَ وَ ابْنُ فَرْخَتِکَ سلام خدا کا تجہپر ہو ای جد
مین حسین بیٹا فاطمہ کا ہون فرزند تیرا اور فرزند بیٹی تیری کا ہون وَ سِبْطُکَ الَّذِیْ
خَلَّفْتَنِیْ فِیْ اُمَّتِکَ اور مین فرزند زادہ تیرا ہون کہ مجہکو امت سا بنایا کہ
تہی تم فَاشْہَدْ عَلَیْہِمْ یَا نَبِیَّ اللّٰہِ اَنَّہُمْ قَدْ خَذَلُوْنِیْ وَضَیَّعُوْنِیْ وَلَمْ
یَحْفَظُوْنِیْ گواہ رہو ای نبی خدا پر انکی کہ مجھے ترک کیا اونہون نے اور حرمت میری کو
کیا اونہون نے ضایع میری کی اونہون نے وَہٰذِہٖ شَکْوَایَ اِلَیْکَ حَتّٰی اَلْقَاکَ
اور یہہ شکایت اپنی طرف تیری تا وقت ملاقات تمہاری کے پس مشغول نماز و عبادت
ہوئے تا اینکہ صبح ہوئی جبکہ شب دوسری کی پہر حضرت روضہ جد بزرگوار مین آئی
اور بعد فراغ چند رکعت کی کہا اَللّٰہُمَّ ہٰذَا قَبْرُ نَبِیِّکَ مُحَمَّدٍ وَاَنَا ابْنُ بِنْتِ

بیشک خداوندا یہہ قبر پیغمبر تیری کی ہی اور مین فرزند پیغمبر تیرا ہون قد حضرنی
من الامر ما قد علمت تحقیق میری تئین امر ایک وارد ہوا ہی کہ جانتا ہی
تو اللهم انی احب المعروف وانکر المنکر خداوندا مین نیکیون کو
تئین دوست رکھتا ہون اور برائیون کی تئین دشمن رکھتا ہون اور برائیون سی لوگون کو
منع کرتا ہون وانا اسئلک یا ذا الجلال والاکرام بحق
القبر ومن فیه الا اخترت لی الا ما سولت رضا ولرسولک
رضا یعنی تجھسی سوال کرتا ہون ای صاحب جلال اور بزرگی بحق اس
قبر کی اختیار کر واسطی میری اوس چیز کو کہ جسمین تیری اور رسول تیری کی خشنودی ہو
بعد اسکی حضرت نزدیک صبح تک تضرع و زاری مین رہی مگر کہ طلوع صبح نزدیک
ہوئی سر مبارک اپنا ضریح مقدس پر رکھکر سو گئی پس خواب دیکھا کہ حضرت رسالت
پناہ مع ساتھہ گروہ ملائکہ مقربانکی نزدیک جناب سید الشہدا کی آئی اور اونکو اپنی
سینہ سی لگایا اور پیشانی پر بوسہ دیا اور فرمایا یا حبیبی یا حسین
کانی اراک عنقریب مرملا بدمائک ومذبوحا
بارض کربلا من عصابة من امتی ای حبیب میری ای حسین گویا کہ مین
دیکھہ رہا ہون کہ عنقریب صحرائی کربلا مین ہاتھہ اور پاون اپنی خون مین مارتا ہی تو اور
سر تنسی جدا کیا گیا ہی میان ایک گروہ امت میری کی وانت مع ذلک
عطشان لا تسقی وظمآن لا تروی اور تو اس حالت مین تو تشنہ ہو گا
اور تجکو کوئی پانی نہ دیگا وهم مع ذلک یرجون شفاعتی یوم القیمة لا

لا انالهم الله شفاعتی یوم القیمة اور وہ باوجود اس امر کی امید شفاعت کی مجھسی رکھینگی
روز قیامت مین اور خدا اونکو شفاعت میری سی محروم رکھیگا یا حسینی
یا حسین ان اباک وامک واخاک قدموا علیّ وهم مشتاقون الیک
ای نور دیدہ میری ای حسین تحقیق باپ اور ماں اور بھائی تیری آئی ہین پاس میری ملاقات
تیری کی ہین وان لک فی الجنان اور تیری واسطی ریاض جنت مین درجی ہین
کہ بغیر از شہادت تو نہین پہنچتا ہی پس حضرت امام حسین نی عرض کی یا جداه لا حاجة
لی فی الرجوع الی الدنیا فخذنی الیک وادخلنی معک فی
قبرک ای جد بزرگوار نہین حاجت واسطی میری بیچ بازگشت کی طرف دنیا کی پس لی
لی تو مجھکو طرف اپنی اور داخل کر مجھکو ساتھہ اپنی بیچ قبر اپنی کی جناب نبوی نی
فرمایا کہ ای نور دیدہ میری سوای شہید ہونی کی کچھہ چارہ نہین ہی تا وقتیکہ شہادت
سی فائز ہو گا تو درجہ شہادت کو نہ پہونچیگا پس جناب سید الشہدا کمال خوف
خوف خواب سی بیدار ہوئی اور گھر کو مراجعت فرمائی اور ایسا حسین قم باندازی اپنی گھر بیچ
ہوئی انتہی بعد ایکی ایک ہوا آئی تو انہی آیا اور صاعقہ پیدا ہوا اہل کار
نی کہا کہ اس چند روز مین کوئی گناہ تازہ ہمسی نہین ہوا کہ لائق اس غضب الہی ہون ہم اوہ
غلام سنگدل آیا اور کہا کہ یہ شومی عمل میری ہی کہ اس ساعت مینی ایک طمانچہ
غلام حبشی کو مارا ہی اور اوسنی پر درد دل سی نعرہ مارا اور اس نعرہ ناگہہ یہ صورت
واقع ہوئی ہی مالک نی کہا اوسی قبل جب طمانچہ ماری کا کیا تہا کہا اوسنی کہ ای
اپنی تئین اوسکی گرا دیا تہا اور ارادہ بھاگنی کا رکھتا تہا مالک نی کہا کہ اپنی قصد

کسطرحسی کوئی شخص ساتھ غل اور زنجیر کی بیباک سکی کا مالک نزدیک یوسف کی آیا
اور کہا اوسنی کہ ای جوان مقصد ہماکنی کا ہر کہتا ہی کہا ای مالک اسوقت قہر مادر
پہونچا مین صبر و تحمل نکرسکا اور خیال ہا در سر مین تہا کہ مین غل و زنجیر مین گرا ہوں گا
ہرگاہ قہر اوسکی کو دیکہا مینی ای اختیار ہی متعین ہستر سی گرادیا مینی اور قصہ عزم
اپنا اوسنی کہتا ہتا مین اور مینی نفرین نہین کی فقط ایک قول یہہ ورد ہی کہ ہونچی مینی اہل
کاروان رونی لگی شکر اور عرض کی اونہون نی کہ ای جوان عالیشان دعا کرو کہ یہہ
دفع ہو جسی وقت نی ہوا کی طرف دیکہا اور کچہہ ہونٹ ہلائی اوسیوقت ہوا صاف
ہوئی اور وہ صاعقہ برطرف ہوا ہرگاہ وہ مالک نی اس حالکو مشاہدہ کیا حکم دیا اوسکی
حکم کیا کہ غل و زنجیر انسی دور کرو اور ملبوس نیک پہناؤ اور راحلہ تیز رو پر سوار کرو
القصہ مالک اوسکو مصر مین لایا اور پادشاہ مصر اوسوقت مین ریان ابن ولید علیہ
تہا اولاد عملاق ابن لاود ابن سام ابن نوح تہا اور بعضون نی کہا ہی کہ یہہ پادشاہ
قبل از موت اپنی کی ایمان لایا اوپر دین یوسف کی اور بعد ایک زمانہ کی اونی
انتقال کیا اور بعد اوسکی پادشاہت قابوس ابن مصعب کو پہونچی اور یوسف نی
اوسکو طرف دین کی دعوت کی اور اوسنی قبول نکیا اور زیادہ اختیار امور مملکت
اسی کی دست تصرف مین دیا تہا اور بہت زیادہ مرتبہ اور شان اوسکی کی نزدیک پادشاہ
مصر کیا اوسکو عزیز لوک کہتی تہی ہرگاہ کاروان مصر مین آیا گماشتہ ہائی عزیز سر راہ
کاروانکی کہڑی ہوئی تہی حسن یوسف کو دیکہکر عزیز کو خبر کی مالک کو پیغام دیا کہ غلام
کو تقاص مین لاؤ روز دیگر مالک نی حکم کیا کہ یوسف کو حمام مین لیجاؤ اور

اوسکا دہوکر جامہ قیمتی پہناؤ اور یا آراستگی تمام اوسکو بازار مین لاسی اہل مصر
خریداری اوسکی مین زیادہ قیمت کرنی جاتی تہی تانوبت بیان تک پہونچی کہ برابر
اوسکی سونا اور چاندی اور مشک وغیرہ دیتی تہی عزیز نی قیمت دی اور یوسف کو اپنی
گہر مین لایا اور بسبب نیکی اوسکی کی کوئی جرات نکرسکا اور کہا عزیز مصر نی واسطی
زن اپنی زلیخا کی کہ توقیر کر اسکی اور نیک عہد اوپر وہ خدمت کرتا خالصاً یہہ فایدہ دے
ہمکو مثل اسکی کہ سرانجام کار ہمارا کری اور فرزند اوسکو ہمارا ہوا سواعلی کہ علامات رشد
سیما اوسکی سی ظاہر ہی یا مین فرزند مین اوسکو نکالو اور کہتی ہین کہ عزیز مصر عقیم تہا اور
نزدیک بعضون کی کہتی ہی کہ وہ نامرد تہا اور قول حق تعالی کا وَكَذَٰلِكَ مَكَّنَّا لِيُوسُفَ
فِي الْأَرْضِ یعنی اسکی سیرمین جسطرحسی کہ پادشاہ کو اوپر یوسف کی مہربان کیا ہمنی بعد
بند چاہ اور تعب راہ سی نجات دی تہی ہمنی اسیطرحسی پادشاہ کیا ہمنی یوسف کو
بیچ زمین مصر کی قولہ تعالی آتَيْنَاهُ حُكْمًا وَعِلْمًا بعضون نی اسکی معنی اسطرحسی
کہی ہین کہ مراد حکمت سی حکمت عملی ہی اور علم سی حکمت نظری ہی اور وجہ تقدیم حکمت عملی کی
نظری سی یہہ ہی کہ اصحاب ریاضات بسبب عمل کی علم کو پہونچتی ہین چنانچہ صبر کرنا یوسف
کا بلا اور محن پر باعث اسکا ہوا کہ حق تعالی نی ابواب مکاشفات اوپر کہولے

وَقَالَ الَّذِي اشْتَرَاهُ مِن مِّصْرَ لِامْرَأَتِهِ أَكْرِمِي مَثْوَاهُ

اور کہا اوس شخص نی کہ مول لیا تہا اوسکو اہل مصر ی سی یعنی عزیز نی واسطی زلیخا کی کہ بزرگ کر تو منزلت اسکی کو

عَسَىٰ أَن يَنفَعَنَا أَوْ نَتَّخِذَهُ وَلَدًا ۚ وَكَذَٰلِكَ مَكَّنَّا لِيُوسُفَ فِي

شاید کہ نفع دیوی ہمکو یا لیوین ہم اوسکو فرزند یا اور اسطرحسی جگہ دیتی یوسف کو بیچ

الارض ولنعلمه من تاويل الاحاديث والله غالب على

زمین کے اور تاکہ سکھلاوین ہم اوسکو تعبیر خوابکی اور خدا غالب ہی اوپر

امره ولكن اكثر الناس لا يعلمون ○ ولما بلغ اشده اتيناه

کام اپنے کی اور لیکن بہت لوگ نہیں جانتے ہین اور جب کہ پہونچے یوسف جوانی کو دی ہمنی اوسکو

حكما وعلما وكذلك نجزي المحسنين ○ وراودته

حکم اور دانش اور اسطرحسی جزا دیتے ہین نیکی کرنیوالونکو اور طلب مراد کی یوسف سے

التي هو في بيتها عن نفسه وغلقت الابواب وقالت

زلیخا نے کہ وہ عورت تھی کہ اوسکی گہر مین یوسف تہا اور بند کیا دروازونکو اور کہا زلیخا نے

هيت لك قال معاذ الله انه ربي احسن مثواي انه

آؤ کہا یوسف نے پناہ لیتا ہون مین ساتہ خدا کے تحقیق وہ پروردگار میرا نیک کیا منزل میری تحقیق وہ

لا يفلح الظالمون ○ ولقد همت به وهم بها لولا ان

نہین بہلائی پاوینگے ستمگار اور تحقیق قصد کیا زلیخا نے یوسف کا اور یوسف نے اوسکا اگر نہوتا کہ دیکھا

برهان ربه كذلك لنصرف عنه السوء والفحشاء

برہان رب اپنی کو اسطرحسی ہوا تاکہ پہیرا ہمنی اوسکو بدی اور عمل زشت کو

انه من عبادنا المخلصين ○ واستبقا الباب وقدت

تحقیق وہ بندگان مخلص ہمارے مین سے تہا اور دوڑے دونون بیچ طرف دروازے کے اور پہاڑا

قميصه من دبر والفيا سيدها لدا الباب ○ قالت ما

زلیخا نے کرتا اوسکا پیچہے سی اور پایا اون دونونکو سردار زلیخا نے نزدیک دروازی کے کہا زلیخا نے

جزاء من اراد باهلك سوءا الا ان يسجن او عذاب

کیا ہی بدلا اوس شخص کا کہ ارادہ کری ساتہ اہل تیری کی بدی کا مگر یہ کہ قید کیا جاوی یا عذاب دیا جاوی

اليم ○ قال هي راودتني عن نفسي وشهد شاهد من

دردناک کہا یوسف نے زلیخانے خواہش کی مجہسی نفس میری سے اور گواہی دی ایک شاہد نے

اهلها ان كان قميصه قد من قبل فصدقت وهو من

اہل زلیخا سے اگر ہی کرتا اوسکا چاک کیا گیا آگی سے پس سچ کہی زلیخا اور یوسف

الكاذبين ○ وان كان قميصه قد من دبر فكذبت وهو

کاذبون مین سے تہا اور اگر ہی کرتا اوسکا چاک کیا گیا پیچہی سی پس جہوٹ کہی زلیخا نے اور یوسف

من الصادقين ○ فلما را قميصه قد من دبر قال انه من

راستگویان مین سی ہی پس جب کہ دیکھا کرتا اوسکا چاک کیا گیا پیچہی سی کہا عزیز مصر نے تحقیق یہ

كيدكن ان كيدكن عظيم ○ يوسف اعرض عن هذا

مکر تمہارے سے ہی تحقیق مکر تمہارا بڑا ہی ای یوسف منہ پہیر اس بات سے […] پوشیدہ رکہ

واستغفري لذنبك انك كنت من الخاطئين ○

اور ای زلیخا طلب آمرزش کر واسطی گناہ اپنی کے تحقیق تو تہی خطا کرنیوالونسے

وقال نسوة في المدينة امرات العزيز تراود فتاها عن

اور کہا ایک گروہ عورتون نے بیچ شہر مصر کی کہ زن عزیز مصر کی خواہش کرتی ہی غلام اپنی سے

نفسه قد شغفها حبا انا لنراها في ضلال مبين ○ فلما

نفس اوسکی سی تحقیق شیفتہ کیا یوسف نے زلیخا کو ازروی دوستی کے […] ہم البتہ دیکہتی ہین اوسکو گمراہی ظاہر مین

وما ابرئ

سَمِعَتْ بِمَكْرِهِنَّ أَرْسَلَتْ إِلَيْهِنَّ وَأَعْتَدَتْ لَهُنَّ مُتَّكَأً وَآتَتْ

سنا زلیخا نے غیبت زنانکو بھیجا طرف اونکی یعنی بلایا اونکو اور آمادہ کیا واسطے اونکے مسند اور دیے

كُلَّ وَاحِدَةٍ مِنْهُنَّ سِكِّينًا وَقَالَتِ اخْرُجْ عَلَيْهِنَّ فَلَمَّا رَأَيْنَهُ

ہر ایک کو اونمین سے ایک چھری اور کہا زلیخا نے یوسف کو نکل تو اوپر اونکے پس ہر گاہ دیکھا اونعورتونے

أَكْبَرْنَهُ وَقَطَّعْنَ أَيْدِيَهُنَّ وَقُلْنَ حَاشَ لِلَّهِ مَا هَٰذَا بَشَرًا إِنْ

بزرگ پایا اونکو جمال مین اور کاٹا اونہون نے ہاتھون اپنے کو اور کہا پاکی کی یاد کرتی ہین ہم خدا کو نہین یہہ انسان سے نہین

هَٰذَا إِلَّا مَلَكٌ كَرِيمٌ ○ قَالَتْ فَذَٰلِكُنَّ الَّذِي لُمْتُنَّنِي فِيهِ وَلَقَدْ

یہہ مگر فرشتہ بزرگ کہا زلیخا نے پس یہہ وہ شخص ہے کہ ملامت کرتی تہین تم مجھکو بیچ اوسکے اور تحقیق کہ

رَاوَدْتُهُ عَنْ نَفْسِهِ فَاسْتَعْصَمَ وَلَئِنْ لَمْ يَفْعَلْ مَا آمُرُهُ لَيُسْجَنَنَّ

طلب خواہش کی زلیخا نے نفس یوسف سے پس باز رکہا اپنے تئین اور اگر نکریگا وہ جیسا کو حکم کرتی ہین ہر آئینہ قید کیا جاویگا وہ

وَلَيَكُونًا مِنَ الصَّاغِرِينَ ○ قَالَ رَبِّ السِّجْنُ أَحَبُّ إِلَيَّ مِمَّا يَدْعُونَنِي

اور ہوویگا وہ ذلیلون سے کہا یوسف نے اے پروردگار میری زندان دوست تر طرف میری اوس چیز سے کہ بلاتی ہین مجھکو

إِلَيْهِ وَإِلَّا تَصْرِفْ عَنِّي كَيْدَهُنَّ أَصْبُ إِلَيْهِنَّ وَأَكُنْ مِنَ الْجَاهِلِينَ ○

طرف اوسکی اور اگر نہ پھیریگا تو مجھسے مکر اونکی کو خواہش کرونگا مین طرف اونکی اور ہونگا مین نادانونسے

فَاسْتَجَابَ لَهُ رَبُّهُ فَصَرَفَ عَنْهُ كَيْدَهُنَّ إِنَّهُ هُوَ السَّمِيعُ الْعَلِيمُ ○

پس قبول کیا دعا اوسکی رب اوسکے نے پس پھیرا خدا نے اوس سے مکر اونکا تحقیق وہ سننے والا جاننے والا ہے

ثُمَّ بَدَا لَهُمْ مِنْ بَعْدِ مَا رَأَوُا الْآيَاتِ لَيَسْجُنُنَّهُ حَتَّىٰ حِينٍ ○

پس ظاہر ہوا انکو اوسکے بعد دیکھنے کے دلیلون نے ایا کہ قید کریں اوسکو ایکے وقت تک

۷۰

اور عطف ولنعلمہ کا اوپر مقدر کیا ہے اور تقدیر کلام کی اسطرح ہے ہے وکذلک مکنا لیوسف

فی الارض لیصرف فیہا بالعدل ولنعلمہ تعبیر المنامات ومعا نسب اللہ تعالی فوالله و

راودته التي هو في بيتها ۔ ابن عباس سے نقل کی ہے کہ جب کل زلیخا نے یہہ تہا کہ صورت کو

طلب خواہش اپنی کی تہی یوسف سے کہا کہ اے یوسف کیا اچھے بال ہین تیرے جواب مین کہا انہون نے

اول اونچیز نکی کہ خاک مین پراگندہ ہونگے بال میرے بعد اسکے کہا زلیخا نے کہ اے یوسف کیا روے

نیک رکہتا ہے تو کہا یوسف نے کہ حسن الخالقین نے رحم اور مین تصویر کیا ہے کہا زلیخا نے کہ ای

یوسف خوب صورت تیری لاغر کیا مجھے تو آب دیا کہ شیطان نے مجھے اس مر پر آمادہ کیا ہے

کہا زلیخا نے کہ اے یوسف عشق تیری آتش دل میرے مین مشتعل کی ہی آب لطف سے بجھا دے حضرت یوسف

نے کہا کہ اگر بجھاؤن آتش دل تیری پہر آتش تیری ڈالون مین آتش دوزخ مین سوختہ ہونگا مین اور کہا زلیخا نے

اور تشنہ تو اور اندرون خانہ سے پانی لاکہ نہایت تشنگی سے بیقرار ہون اور غرض اوسکی پہیر نیسے

ہر گاہ کہ یوسف داخل خانہ ہون جھپ سے اوسکی جاوے اور مراد اپنی دلسے حاصل کرے یوسف نے

جواب مین کہا کہ کہتین وہ شخص جاہی کہ صاحب خانہ اور مین مملوک ہون اور بے مالک کسی چیز کا نہین

ہون کہا زلیخا نے کہ اس گہر مین فرش حریر اور دیبا بچہا ہے اس گہر مین داخل ہو اور مراد میری

برلا یوسف نے کہا کہ کیونکر اپنے تئین لائق دوزخ کرون اور مرتبہ بہشت اپنی کو ہاتھ سے دیکر

کہا زلیخا نے کہ اے یوسف بہانہ مکر اور مہر او میرے پاس گہر مین آ کہ تجکو اس گہر مین رکہتی ہون

کہا یوسف نے کہ خدا میرا جمیع خفیات سے مطلع ہے کسطرح اوس سے پوشیدہ کرون کہا زلیخا نے کہ ہاتھ

میری دلبر رکہہ تا اطمینان مجھے حاصل ہو کہا حضرت یوسف نے کہ عزیز سے مجھے شرم

اتی ہے کہا زلیخا نے کہ عزیز کو شربت زہر پلا دونگی مین کہ مر جاوے دو اور زر و جواہر

ہون کہا یوسف نے کسطرحسے عذاب الٰہی سے رہائی پاوینگے تو سدی سے مروی ہے کہ مراد

اوسکی یوسف سے علاج تھی کہ اپنے تئین آراستہ کرتی تھی اور یوسف کو دکہلا کر اپنی طرف

مائل کرتی تہی اور کبھی ترغیب اور کبھی ترہیب کرتی تہی اور کہتی تہی کہ اے یوسف حسن و

جمال میرا نہین دیکہتا تو کہا حضرت یوسف نے کیونکر دیکہون اوس چیز کو کہ عنقریب خاک میں نہان

پوشیدہ ہوگی بعد اسکے کہا زلیخا نے کہ کیونکر یال بال میری نہین دیکہتا ہی کہا یوسف نے کہ کیا

فائدہ کہ تمام کمین آمیختہ ہونگی ہرگاہ نزدیک حضرت یوسف کی عشقہی تہا حضرت یوسف منہ پہیر

لیتی تہی اور ہرگاہ تدبیرات مرادوہ سے عاجز ہوئی اور حیلہ کیا اسوجہ سے کہ ایک گہر بنایا کہ

چہت اور دیوار اور دیوار مین آئینہ بندی کی تہی کہ صورت اپنی اور صورت یوسف کو اوسمین نقش کیا

تہا کہ دونو یکدیگر تنگ بغل مین لیے ہین اور ہرگاہ کہ وہ مکان تیار ہوا یوسف سے کہا کہ ہمراہ

آؤ اور دیکہہ تو کہ مثل اس گہر کے کبہی نہ دیکہا ہوگا یوسف بالتماس اوسکے گہر مین داخل ہوئی اور

زلیخا عقب اوسکی میں آئی دروازہ بند کرتی جاتی تہی اور لکہا ہے کہ وہ سات گہر تہے اور ہر گہر مین

ایک دروازہ تہا زلیخا نے سب کو بند کیا اور کہا کہ ھَیْتَ لَکَ اور کہا کہ آ ای کہ

تیرے واسطی تیار ہوا ہون توضیح اہل مدینہ و شام نے کسر ہا اور فتح تا سے مشنات فوقانی

پڑہا ہے اور ابن کثیر نے بفتح ہا اور ضم تا پڑہا ہے اور باقیون نے بفتح ہا اور تا پڑہا ہے

اور جناب امیر المومنین سے مروی ہے کہ حضرت نے ساتہ ہمزہ کے اور ضم تا پڑہا ہے معنی تہیا اور

استعداد سے ہی رجانی اور راپی وائل اور زکی بن وثاب سے مروی ہے اور معنی بدون

ہمزہ کی تفتیش کی ہیئی اور لغت اسم ہی اعطی تعال کی اور معنی تعالی اقبل کی ہین اور لام

واسطے تبیان کی ہے گویا کہ کہا گیا ہے لَکَ اَقُولُ هٰذَا اور تحقیق مراد اوسکی یہ ہے کہ

یہہ باب مفاعلت سے ہی اور مشتق راود یرود سے ہی اور یہہ اوس وقت بولتے ہین کہ جب

کوئی آوی یا جاوی یعنی جا اور دہرب گویا کہ معنی یہہ ہین کہ تقاضا کیا زلیخا نے

یوسف سے نہاد اوسکی مراد اور خدعہ سے باہر نکالا وہ مراد و مطالبہ کو کہتی ہین ساتہ نرمی اور

ملامت کی انتہی بعد اسکے یوسف نے اوسکی جواب مین کہا پناہ مانگتا ہون مین خدا سے

بدرستیکہ وہ بزرگ کار میرا ہی کہ نیک کیا ہی منزلت میری کو نزدیک صاحب میرے کی اور

اوسکو مجہپر رحیم کیا ہی پس خوب نہین کہ مین عصیان کرون اوس تمام پر مراد رب سے مجازا

عام پرورش کرنے والا ہی یوسف کا کہ وہ عزیز مصر ہی کہ یوسف کو مول لیا تہا اور تربیت

بوجہ احسن کی تہی اور حاصل معنی یہہ ہی شان یہہ ہی کہ مربی میری عزیز مصر نے نیک سلوک

کیا ہی پس جزا اوسکی یہہ نہین کہ مین اوسکی عیال مین خیانت کرون بدرستیکہ شان یہہ ہے

کہ نہین رستگار ہوتی ستم کرنے والے وَلَقَدْ هَمَّتْ بِهٖ وَهَمَّ بِهَا الآیہ معنی ہم کے

لغت مین چند وجہ سے آتی مین ایک یہہ ہی کہ قصد فعل کو کہتی ہین اور دوسری وجہ یہہ ہے

خطور کرنا ایک شی کا دلمین بدون قصد کرنی کی اور تیسری وجہ یہہ ہی کہ معنی نزدیک ہو

کی اور چوتہی وجہ یہہ ہی کہ معنی شہوت کی اور میل طبیعت کے ہی ہرگاہ کہ معنی اوسکی لغت مین تحقیق

ہین پس لابد ہی کہ نفی کی جائین وہ معنی کہ سزاوار حضرت یوسف کی نہو اور وہ معنی یہہ ہین کہ

شہوت اور میل طبیعت بدکی نہتی اور جمیع مفسرین اہل حق ہین کہ یوسف نے میل طرف بدکی

نہین کیا دخترے کرنے اہل سنت وجماعت کی یوسف کو اس امر قبیح سے یا یہہ ہی کہ

انبیا قائل نہین ہوئی ہین اور اوسکے واسطی متشابہات ظاہر کی ہی ہرچند کہ بنا بر قائل ہولیا ہی عمل کرنا

بحرد شر افعال بندگان خدا سے نہ قول عدالت راست آتا ہی نہ ابرار ساعت ظاہر

چنانچہ ماقس پر پوشیدہ نہیں ہی اور وجہ بری کرنی اتنا حشر یہ کی یہہ ہی کہ عصمت انبیا کی
قائل ہیں اور بندونکو فاعل مختار اپنی فعل کا جانتی ہیں پس لابد ہی کہ حضرت یوسف کو بری
اس امر قبیح سی کریں پس تاویل اس آیہ کی یہہ ہی کہ قصد کیا زلیخا نی زنا کا ساتھہ یوسف کی اور
قصد کیا یوسف نی ساتھہ دفع کرنی اوسکی کی اگر نہ دیکھا ہوتا یوسف نی برہان رب اپنی کو
یعنی نور عصمت کو کہ حق تعالی نی ساتھہ اوسکی عطا کیا تہا نبا برا سکی لولا شرطیہ کہ جزا اسکی
مقدم ہو نی کہ وہم بہا ہی اور اگر کوئی کہی کہ بہت بہ وہم بہا سیاق اسکا مقتضی ہی کہ دونو
ہم متعلق قبیح سی ہوں پس کر داشتی ہو تم ہم زلیخا کو ساتھہ قبیح کی اور ہم یوسف کو ساتھہ
دفع اوسی قبیح کی پس جواب اسکا یہہ ہی سلمنا کہ سیاق اور ظاہر اس آیہ کا یہی ہی لیکن
سیاق اور آیات کا خلاف اسکی پر دال ہی مثل اس قول حق تعالی کی هِيَ رَاوَدَتْنِي
عَنْ نَفْسِي یعنی کہا یوسف نی اوسی کہ زلیخا ہی نی مراودت کی تہی نفس میری سی اور بہہ
یوسف نی اوسوقت کہا تہا کہ جسوقت زلیخا نی کہا کہ کیا جزا ہی اوس شخص کی کہ ارادہ کری
ساتھہ اہل تیری کی بدی کا مگر یہہ کہ قید کیا جاوی یا عذاب دیا جاوی عذاب دردناک اور
اگر خود بہی ہوتی نی مراودت کیا ہوتا تو کیون بری کرتی نفس اپنی کو اور یہی کہنا زنا کا حاشا
عَلِمْنَا عَلَيْهِ مِنْ سُوءٍ الْآنَ حَصْحَصَ الْحَقُّ أَنَا رَاوَدْتُهُ عَنْ نَفْسِهِ وَإِنَّهُ لَمِنَ الصَّادِقِينَ
یعنی کہا اون زنان نی کہ نہیں جانتی ہم کوئی بدی اس سی سرزد ہوئی ہو اور کہنا زلیخا کا کہ
اب ظاہر ہوا حق ہی اور کہنا یوسف کا ذَلِكَ لِيَعْلَمَ أَنِّي لَمْ أَخُنْهُ بِالْغَيْبِ یعنی رہنا میرا
قید خانہ میں اسواسطی تہا تاکہ جانی وہی عزیز مصر کہ نہیں خیانت کی میں اوسکی بیچ حالت
غیبت کی اور کہنا عزیز مصر کا وقتیکہ دیکہا اون نی کہ پیراہن دریدہ ہوا ہی پشت سی

إِنَّهُ مِنْ كَيْدِكُنَّ إِنَّ كَيْدَكُنَّ عَظِيمٌ یعنی تحقیق یہہ کام مکر تمہارا سی ہی تحقیق کہ مکر تم عورتون کا
بڑا ہی اور کہنا اوسی عزیز مصر کا يُوسُفُ أَعْرِضْ عَنْ هَذَا ای یوسف موندہ پہیر لی اس
یعنی اس شاہد کو پنہان رکہہ اور کہنا اوسی عزیز مصر کا بعد اسی کلام کی واسطی زلیخا کی
وَاسْتَغْفِرِي لِذَنْبِكِ إِنَّكِ كُنْتِ مِنَ الْخَاطِئِينَ اور طلب آمرزش کر ای زلیخا واسطی گناہ
اپنی کی بدرستی کہ تو ہی جملہ گناہگارون سی ہی ازین قبیل آیات بہت ہین کہ ذکر کرنا انکا عبث
ہوتا ہی پس ظواہر اور سیاق ان آیات سی معلوم ہوتا ہی کہ دامن عصمت حضرت یوسف
ثابت خطا اور گناہ سی بری ہی لیکن مقتضای عقل یہی ہی کہ واسطی ظواہر اور سیاق آیات قبیح
کی تاویل کرنا ایک آیہ کو کہ جو خلاف اوسکی ہو نہایت بجا اور مستحسن ہی نہ اینکہ واسطی ایک آیہ
کی آیات کثیر کی تاویل ہوں خصوصا اوسوقت میں کہ ادلہ قاطعہ سی عصمت انبیا کی ثابت ہوئی ہی
چنانچہ اکثر ادلہ ماسبق میں اپنی مواضع میں مذکور ہوئی ہیں اور بہی تفصیل اسکی تفسیر کبیر وغیرہ
میں مذکور ہوئی اور چند دلیل دیگر اس مقام میں بہی مذکور ہوتی ہیں تا فائدہ اسکا تمام ہو اور
نفع اسکا عام اور ہر گاہ کہ ادلہ قاطعہ سی عصمت انبیا کی ثابت ہوئی ہی لہذا جو آیہ اور جو
روایت کہ مخالف اسکی ہی سب تاویل پذیر ہین یا مطروح چنانچہ بعضی روایات
اس مقام میں ذکر کی جاتی ہین کہ متدین منصف مطابق اور عقل تاویل کریگا یا طرح
اون روایاتکو کہ جو مخالف ہون الا تسلیم کریگا اور وہ روایات یہہ ہی کہ روایت کیا ہی
حضرت امام ثامن ضامن علیہ السلام سی کہ جواب مامون رشید میں فرمایا تہا کہ اگر حضرت
یوسف معصوم نہوتی تو وہ بہی قصد مجامعت کرتی اور زیبی حضرت نی تفسیر اس آیہ فرمایا
لَقَدْ هَمَّتْ بِالْمَعْصِيَةِ وَهَمَّ يُوسُفُ بِقَتْلِهَا إِنْ أَجْبَرَتْهُ لِعِظَمِ مَا تَدَاخَلَهُ فَصَرَفَ اللَّهُ عَنْهُ قَتْلَهَا وَالْفَاحِشَةَ

یعنی تحقیق کہ قصد کیا زن عزیز نے معصیت کا اور یوسف نے قصد قتل اوسکی کا کیا اگر
جبر کرتی وہ یوسف کو واسطے زنا کی اور یہ قتل سو اسطے تہا کہ وہ چاہتی تھی کہ یوسف کو
کار عظیم خطا میں ڈالے کہ وہ زنا ہی اور یہی روایت کی ہی ابو بحضرت نے باپ اپنے سے اور
انہوں نے حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے کہ انہوں نے تفسیر کیا ہمت
بان تفعل وھم بان لا یفعل اور معنی اسکی یہہ ہیں کہ زلیخا نے قصد زنا کیا اور یوسف
نے قصد ترک کیا تفسیر عیاشی میں حضرت صادق ع سے مروی ہی ہر گاہ زلیخا نے قصد مباشرت کا
یوسف سے کیا یوسف نے بہی قصد مجامعت کا کیا بعد اسکی زلیخا نے یوسف سے کہا کہ ایسی حال پر
صبر کرو تو یوسف نے کہا کس سبب سے صبر کروں زلیخا نے کہا کہ اس گہر میں ایک صنم ہی اتنا صبر
کرو کہ اوسکی منہ کو چہپا دوں کہ تا ہماری اعمال قبیح سے مطلع نہو یوسف نے اوسوقت میں خدا کو
یاد کیا اور از درس عالم سر والخفیات سے ڈری اور بہاگی اور محمد بن قیس سے مروی ہی کہ
سنا میں نے حضرت صادق ع سے کہ ہر گاہ یوسف نے بند زیر جامہ اپنی کو کہولا صورت حضرت
یعقوب کی دیکہی کہ اونگلی دانتوں میں دابی ہیں اور کہتی ہیں کہ اے یوسف اس کار بد سے احتراز
کرو تو پس یوسف دہشت زدہ ہوئی اور آب منی انگوٹہی پاؤں اونکی سے باہر آئی اور دروازہ
سے فرار ہوئی اب ادلہ عصمت بیان ہوتی ہیں ایک یہہ ہی کہ اگر نبی صلی اللہ علیہ وآلہ
سے کوئی گناہ سرزد ہو اجتماع ضدین لازم آتا ہی وہ اجتماع یہہ ہی وجوب متابعت
اوسکی اور مخالفت اوسکی وجوب متابعت اسواسطے کہ حق تعالی فرماتا ہی قل
ان کنتم تحبون اللہ فاتبعونی یحببکم اللہ یعنی کہہ تو اے محمد اگر ہو تم کہ دوست
رکہتی ہو خدا کو پس پیروی کرو تم میری تا دوست رکہے تمکو خدا اس آیہ سے وجوب

متابعت بہی ثابت ہوئی اور بہی سامع ہو زمین ہر چند کہ یہہ آیہ حق میں ہماری ہی لیکن کوئی
اسکا قائل نہیں ہوا ہی کہ نبی ہماری معصوم ہیں اور نبی معصوم نہیں ہیں اور مخالفت اسواسطے
ہی کہ متابعت مذہب کی حرام ہی گناہ میں اور دوسری یہہ اگر نبی سے گناہ صادر ہو تو
واجب ہی کہ ہم اونکو زجر و توبیخ کریں اسواسطے کہ امر معروف اور نہی منکر سب پر واجب ہی
حال آنکہ زجر کرنا نبی کا حرام ہی اسواسطے کہ ایذا دینا اونکی حرام ہی باتفاق اسواسطے
کہ حق تعالی فرماتا ہی ان الذین یؤذون اللہ ورسولہ لعنہم اللہ فی الدنیا والاخرۃ
بدرستیکہ وہ لوگ کہ ایذا دیتی ہیں خدا اور رسول اوسکی کو لعنت کرتا ہی خدا اونکو بیچ دنیا و آخرت
کی اور وجہ تیسری یہہ ہی کہ اگر انبیا سے گناہ سرزد ہو تو چاہیے کہ اقل درجہ ہوں گنہ گاران
امت سے اسواسطے کہ درجات انبیا کی نہایت رفعت اور جلال میں ہیں اور نعم الہی بیشک وہ
کرتی کی جمیع ناس سے امین اور خلیفہ کرنا اپنا بیچ بندوں کی نہایت مرتبہ میں ہی لیکن اس مکان
میں مرتکب ہونا اونکا معاصی کا اور اعراض کرنا احکام الہی سے واسطے لذت دنیائے فانی
کی کمال قبیح اور شنیع ہی عصیان کرنی اور عبادت اور وجہ چوتہی یہہ ہی کہ حق تعالی
حکایۃ عن قول ابلیس فرماتا ہی فبعزتک لاغوینہم اجمعین یعنی پس قسم ہی عزت
تیری کی ہر آئینہ اغوا کرونگا میں سب بندونکو مگر بندگان تیری کو وہ مخلص میں پس اگر نبیا ہی تعالی
ہوں تو چاہیے محبوب ہوں اون لوگوں سے کہ معاصی سرزد ہوتی ہیں اور مخلص سے خارج ہیں
حال آنکہ باتفاق ثابت ہی کہ جمیع انبیا مخلصین سے ہیں اور پانچویں یہہ ہی کہ رسول صلی
علیہ وآلہ افضل ملائکہ سے اسواسطے کہ حق تعالی فرماتا ہی ان اللہ اصطفی آدم ونوحا
وآل ابراہیم وآل عمران علی العالمین یعنی کہ حق تعالی نے برگزیدہ کیا آدم اور نوح اور

آل ابراہیم و آل عمرانکو اوپر تمام عالم کی اور فضیلت بعض کی وال ہی نہ فضیلت کل پر واسطی اجماع
مرکب کی اور اگر معصیت صادر ہوتی تو جاہیئے کہ محال ہو جو نا افضل نبی کا ملائکہ سے اسواسطی کہ حق تعالی
فرماتا ہی اَمْ نَجْعَلُ الْمُتَّقِيْنَ كَالْفُجَّارِ قوله تعالى وَشَهِدَ شَاهِدٌ مِّنْ اَهْلِهَا منقول ہی ہر گاہ کہ یعنی
اون دونوں نے جانے میں طرف دروازے کی اور جا کے کیا زلیخا نے کرتا اوسکی کو جانب پشت سے اور
پایا عزیز مصر نے اون دونوں کو نزدیک دروازے کی و زلیخا مدعی ہوئی کہ اس شخص نے مجھ سے فعل ناشایسته
کا ارادہ کیا تھا لہذا اسکی حبس یا مارنا زیادہ سزا ہے یوسف نے کہا کہ اسی نے مجھ سے ارادہ بد کا کیا تھا اور گواہ
میں گواہی یہ ہی ایک شاہد ہی اہل اوسکی سے اور وہ طفل چہار ماہہ خاله زلیخا تھا اور حضرت صادق سے مروی
ہی کہ ہر گاہ یوسف نے عزیز سے اظہار طہارت اپنا لوث خیانت سے کیا یوسف جانب خدا سے ملہم ہوئے
کہ حقیقت میری اس کودک سے کہ گہوارے میں ہی دریافت کر اسواسطی کہ وہ گواہی دیگا کہ زوجہ تیری سے
خود مجھسے لپٹ آیا تھا اس حرکت کا پس عزیز مصر متوجہ اوس طفل کا ہوا حق تعالی نے اوسکو
گہوارے میں گویا کیا تا اینکہ اون نے گواہی دی اوپر پاک دامنی یوسف کی اور کہا اوسنے کہ
اِنْ كَانَ قَمِيْصُهٗ الآیه بعضوں نے کہا ہی کہ وجہ عظمت کید زنان کی یہہ ہی کہ مرد کو طرف اپنی
خواہش قلبی ہی اور باوجود اسکی ساتھ آئین شایستگی کے اور ساتھ شیرین زبانی کے [illegible]
جس چیز کو چاہیں بسبب ساتھ مردونکی کر سکتی ہین بخلاف شیطان کی کہ خواہش قلبی ساتھ اوسکے
ہی اور نہ بالمشافہه گفتگو کرتا ہی لہذا کید زنانکو عظیم فرمایا ہی اور بعضوں نے کہا ہی کہ خوف مکر
عورات سے زیادہ ہی بہ نسبت خوف شیطانی اسواسطی کہ حق تعالی نے حق شیطانین فرمایا ہی
اِنَّ كَيْدَ الشَّيْطٰنِ كَانَ ضَعِيْفًا اور حق عورتین فرمایا ہی اِنَّ كَيْدَكُنَّ عَظِيْمٌ [illegible]
اور دو وجہ مین تامل ہی اولا اس جہت سے کہ کون سی ضرورت

ضرورت داعی ہی کہ وجہ عظمت کید زنان بیان کیجاوی اسواسطی کہ یہہ حکایت محل عزیز مصر
ہی کہ اوسکی نزدیک عظمت کید زنان ثابت ہی ہوا ہی کہ حقتعالی کی نزدیک عظمت کید زنان ثابت
ہوئی البتہ ضرورت داعی ہوتی کہ بیان اوس عظمت کا کیا جاتی اور ثانیا تائید میں لانا اس
قول حقتعالی کا اِنَّ كَيْدَ الشَّيْطٰنِ كَانَ ضَعِيْفًا خالی از تکلف اور تعسف نہیں ہی اسواسطی
کہ کیدکن عظیم حکایت قول عزیز مصر ہی اور کید شیطان کان ضعیفا نسبت اپنی
حق تعالی فرماتا ہی پس یہہ محل مؤید قول اول ہوگا اور ثالثا اسواسطی کہ فرمانا حقتعالی کا وَشَارِكْهُمْ
فِي الْاَمْوَالِ وَالْاَوْلَادِ یعنی قدرت شرکت دینی نطفه وغیره مین اور [illegible] حق تعالی کا و
اِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ [illegible] عظمت کید
شیطان کی ہی پس اگر کوئی کہی کہ اس صورت میں منافات قول حقتعالی کہ کید شیطان کان ضعیفا
کی لازم آتی ہی جواب اسکا یہہ ہی کہ بنسبت قدرت الہی مین جمیع مکاید و دامہای حقیر اور ضعیف
ہین کہ کید شیطان ہماری اسطی قوی ہی اور رابعا اسواسطی کہ کہنا کید شیطان کا ضعیف
مستلزم عظمت کید زنان نہین ہی بلکہ ہر گاہ کہ کید شیطان کہ نہایت جمیع مکاید سی قوی ہی
حقتعالی نے ضعیف فرمایا ہو پس بطریق اولی کید زنان ضعیف ہوگا قوله تعالى مِنَ الْخَاطِئِيْنَ
خاطئین مشتق خطا سے ہی اور ہر گاہ کہ کوئی دانستہ گناہ کرے عرب کہتی ہین خطاء فلان اور تذکیر
خاطئین کی باعتبار تغلیب ذکور کی ہی اوپر عورتون قوله تعالى وَقَالَ نِسْوَةٌ [illegible] مقدمه الیہ کا مشہور ہوا ت
جماعت زنان نے کہا کہ جو شہر مین تہین کہ امرأة العزیز تراود فتاها الخ اور وہ پانچ عورتین
تہین اور معرفت بادشاہ کی تہین چنانچہ دو ان مین سے ایک دربان [illegible] اور دوسری [illegible]
اور تیسری دارو غه دواب اور چوتھی ساقی اور پانچوین دارو غه قید خانه تھی [illegible]

کی اسم جمع ہی جمع اور تانیث اسکی غیر حقیقی ہی اسواسطی قال میں فی تانیث کی لانا لازم نہوا اور
فی المدینۃ یعنی دو احتمال میں ایک یہہ کہ متعلق قال کی ہی یعنی کہ بیچ شہر مصر کی عورتوں نی اور دوسرا یہہ کہ متعلق نسوہ کی
یعنی وہ عورتیں کہ ساکن شہر مصر تہیں قولہ قد شغفها حبا یعنی چاک کیا حب یوسف نی شغاف
قلب زلیخا کو اور شغاف حجاب قلب کو کہتی ہیں یا جلد باریک کہ جسکو لسان القلب کہتی ہیں اور
مجمع البیان میں لکہا ہی کہ جناب امیر المومنین اور امام زین العابدین اور امام محمد باقر اور امام جعفر
صادق علیہم السلام نی قرات اسکی بعین مہملہ کی ہی یعنی جلایا یوسف نی زلیخا کو از روی عشق
کی قولہ فلما سمعت بمكرهن یعنی اور غیبت کا نام مکر رکہا ہی اسواسطی کہ غیبت خفیہ میں
ہوتی ہی اور مکر کرنیوالا بہی کہ خفیہ میں کرتا ہی اور بعضوں نی کہا ہی کہ مطلب انکا اس غیبت اور سرزنش
سی یہہ تہا کہ واسطی دیکہنی حضرت یوسف کی مکر اور حیلہ برانگیختہ کریں لہذا تعبیر غیبت کی ساتہہ مکر کی کی
قولہ متكأ وآتت كل واحدة یعنی حاصل اسکا یہہ ہی ہر گاہ کہ مردمان ناز پرور وقت طعام
کہانیکی تکیہ کرتی ہیں لہذا اسیکا کہا کیا اور بعضوں نی کہا ہی کہ متکا طعام ہی اور مشتق ہی قول عرب
سی اتكأنا عند فلان یعنی کہایا ہمنی نزدیک اوسکی اور اصل اوسکی یہہ ہی جو شخص کی
بلاتا ہی واسطی کہانا کہلانیکی تو مہیا کرتا ہی واسطی اوسکی مسند و تکیہ پس نام کہانا طعام کا متکا بنا بطور
استعارہ کی اور عکرمہ نی کہا ہی کہ وہ چیز کہ کاٹی جاتی ساتہہ چہری کی اسواسطی کہ ایسی غذا اکثر تکیہ لگا کی
کہائی جاتی ہی اور بعضوں نی کہا ہی کہ مطلق طعام کو کہتی ہیں اور علی ابن ابراہیم نی تفسیر اپنی میں
متکا بسکون تا اور حذف ہمزہ روایت کی ہی اور تفسیر ترنج کی ہی یعنی متکا اور
حاضر کی اونکی اسکی ترنج قولہ اکبرنه کہا بڑا اثبات نکہت کا واسطی یوسف کی اس
حسن سی کی یعنی تعجب کیا انہوں نی من ترکر یعنی مستقر ہی کہ فرشتہ سیکی کی احسن نہیں ہی جسطرح کی

کہ شیطان سی کوئی قبیح نہیں ہی اور نفی بشریت کی یوسف سی اس جہت سی ہی کہ
جمال اونکا نہایت عجیب و غریب تہا حدیث معراج میں لکہا ہی کہ جناب نبوی صلعم
نی فرمایا کہ دیکہا مینی بیچ تیسری آسمان میں ایک شخص کو کہ صورت اوسکی مثل ماہ چودہویں
کی تہی کہا مینی جبرئیل کی یہہ کون ہی کہا کہ یہہ بہائی تمہارا یوسف ہی اور تفسیر خلاصۃ المنہج
میں لکہا ہی کہ صاحب وسیط نی باسناد خود جابر انصاری رحمۃ اللہ علیہ سی نقل کی
ہی کہ حضرت رسالت صلی اللہ علیہ وآلہ نی فرمایا کہ جبرئیل علیہ السلام نازل ہوئی اور کہا کہ
خدا نی تمہیں سلام کی کہا ہی کہا ہی حبیب میری تیری حسن رو کو نور عرش سی مقرر کیا
یعنی اور حسن یوسف کو نور کرسی سی اور کوئی مخلوق انکو نہیں پیدا کیا مینی آنحضرت کو
کمال تہا اور یوسف کو جمال شعر جمال یوسفی میں دستہا بریدہ ہوئی اور ظہور کمال محمد
میں زناریں قطع ہوئیں اور اسی معنی میں کہتی ہیں شعر از حسن روی یوسف دستی
بریدہ سہل است   در پای دلبر من سرہا بریدہ بینی   قولہ وليكونا من
الصاغرين اور نون ولیکونا میں خفیفہ ہی اور جسوقت کہ وقف کیا جاوی تو
الف سی لیتی ہیں اور یہہ بمنزلہ اوس تنوین کی ہی کہ حالت وقف میں الف
ہو جاتی ہی قولہ قال رب السجن احب الی ابو حمزہ ثمالی نی روایت کی امام
زین العابدین سی کہ ہر گاہ وہ عورتیں خانہ مصر سی باہر گئیں ہر ایک نی بخفا کسی کی
حضرت یوسف پاس پیغام بہیجا کہ ہمارے پاس آؤ اور اپنی ملاقات سی مسرور کرو
یوسف نی قبول نکیا اور کہا کہ رب السجن احب الی اور بعضی تفسیروں میں منقول ہی کہ
جب یوسف نی یہہ بات سنی اوس مجلس سی وہ کہ وہاں ہوئی عورتوں نی اونکا تعاقب

کیا اور زلیخا سی اظہار کیا کہ ہم اوسکو ملامت کرتی جاتی ہین حال آنکہ ہر ایک نی وہان
جا کی اپنی اپنی طرف بلایا یوسف نی اونکی باتوں سی تنگ ہوکر دعا کی کہ ای پروردگار میری مجھکو
زندان دوست تر ہی بلانی ان عورتوں کی سی اور اگر تو انکی مکر وحیلہ سی نہ بچاویگا تو خواہش
کرونگا مین طرف اونکی بسبب بشریت کی اور ہوجاونگا مین نادانون مین سی پس
قبول کیا اسنی دعا اوسکے منقول ہی کہ بعد اوسکی عزیز نا امید ہوا ان عورتون
نی زلیخا سی کہا کہ صلاح کار اور مشورہ یہہ ہی کہ یوسف کو چند روز زندان مین قید کیجیی
شاید بسبب رنج او محنت زندان کی فرمانبردار تیرا ہوا اور قدر راحت او نعمت کی معلوم کری
ہر سبیل خط فرمان تیری پر رکھی زلیخا کو یہہ مشورہ پسند آیا اور خود نزدیک عزیز کی آکر اظہار کیا
کہ اس غلام کنعانی سی بسبب بدنامی کی میری طبیعت کو نفرت ہوگئی ہی تو صلاح یہہ ہی
کہ اسکو بیچ طوق و زنجیر بند زندان مین قید کیا جاوی تاکہ لوگ جانین کہ یوسف ہی گنہگار ہی اور
مین طعنہ اور ملامت سی خلق کی بچائی پاؤں عزیز کو یہہ بات پسند آئی اور یوسف کو
زندان مین بھیجا اور اسیطرف اشارہ ہی اس قول حق تعالی کا ثُمَّ بَدَا لَهُمْ مِنْ بَعْدِ
مَا رَأَوُا الْآيَاتِ یعنی بعد ازو یکھنی دلایل عصمت کی مثل گواہی دینی لڑکی کی اور چاک
ہونی پیراہن کی جانب پشت سی اور قطع کرنی ہاتھ عورتونکی اور منع کرنی یوسف کی تدبیر
اور مصلحت اونکی اسبات پر ٹھہری کہ انکو قید کیا چاہیی چنانچہ زلیخا نی آہنگرکو بلاکر
کہا کہ ایک بیڑی اور زنجیر محکم تیار کر تا اس غلام عبری کو قید کروں اور گوشمالی دون
جب کہ حداد اونکی ہاتھ اور پانو یوسف کی دیکھی بولا کہ ای ملکہ جہان یوسف لایق کاہی اور طاقت
زنجیر اور قید زندان کی نہیں رکہتا ہی زلیخا نی خفا ہوکر کہا کہ تو قیدیوں پر رحم کرتا ہی آخر حداد

نی بند و زنجیر موافق مرضی زلیخا کی تیار کیا اور یوسف کو مطوق و مسلسل کرکی حکم کیا کہ اسکو
گھوڑی پر سوار کرکی بازار مصر مین پھراؤ اور منادی کرو کہ جو شخص کہ حرم عزیز پر ارادہ
خیانت رکہتا ہو اوسکی سزا یہہ ہی اور زلیخا چاہتی کہ یوسف اور کہنہ چینگر سر راہ یوسف
پر کہڑی تہی کہ اسکو فہمائی اور گفتگو یوسف سنی پس جب یوسف کو مرکب پر سوار کیا
تو اوسوقت یوسف نی رو کر مناجات کی کہ الہی تو میری امید گاہ ہی ایک تو غم فراق
[illegible] والد و افغان مین [illegible] اور جفائی ایران سی رنج غربت مین سرگردان آوارہ [illegible] کی
گرفتار بند و زندان کا ہوا ہون اب سوای استعانت تیری کی ملجا و ماوا نہین رکہتا
ہون بس اوسیوقت جبرئیل علیہ السلام نازل ہوئی اور کہا کہ ای یوسف بند و زنجیر سی
غم نکہا کہ سلسلہ گردن شیرون مین زیور ہی نہار تنگنائی حبس سی تنگ دل اور جفائی قید
سی ملول مت ہو کہ بیٹھنا زاویہ زندان کا موجب خلاص پانی جہان ہوگا لیکن ای یوسف
زلیخا آتی ہی [illegible] تیری [illegible] مین بیٹھی ہی تا دیکھی کہ کسطرح تو جزع اور بیتابی کرتا ہی اور کسکو شفیع
اپنا لاتا ہی ای یوسف نہار [illegible] اور [illegible] اور خندان رہنا
اسطرح سی کہ گویا زندان سی طرف گلستان کی لئی جاتی ہین [illegible] اونکو واسطی
تیری گلستان کرون جسوقت کہ یوسف کو سرای عزیز سی باہر لیکئی تو قریب لاکھ مرد اور
عورت [illegible] تماشی کی باہر آئی اور مرد چہرہ پر طمانچی مارتی تھی اور عورتیں منہ اپنا
ناخن سی خراشیدہ کرتی تہین اور یہہ خروش اہل مصر سی بلند تہا کہ افسوس ان ہاتھ پاؤں کو
کہ ہاتھہ حوریان بہشتی کی اونکی حمایل کرنی اور اسکی سیم تن مین طوق گلوگیری کیا اسطرح
ہاتھہ کہ گردن [illegible] دلبران مشکین [illegible] اوسکی آرزو مین مقید قید حسرت کی ہی زنجیر سی کیا علاقہ

جو شخص کہ جمال یوسف کا دیکھتا تھا [illegible] عاشق ہو جاتا تھا [illegible] کہ هذا غلام

امرد كنعاني [illegible] في الغرفة عليه غضبا [illegible] خشمناک [illegible]

[illegible] هذا خير من غضب الحمار و من غضب [illegible]

[illegible] من حول النيران و سرابيل القطران [illegible] آتش [illegible]

[illegible] یوسف نے [illegible] زلیخا [illegible]

اور [illegible] حکم کیا [illegible] یوسف کو زندان میں [illegible]

وَدَخَلَ مَعَهُ السِّجْنَ فَتَيَانِ ط قَالَ أَحَدُهُمَا إِنِّي أَرَانِي أَعْصِرُ خَمْرًا ۚ وَ

اور داخل ہوئے ساتھ یوسف کے بیچ قید کے دو جوان کہا ایک نے ان دونوں میں سے تحقیق میں دیکھتا ہوں کہ نچوڑتا ہوں شراب کو اور

قَالَ الْآخَرُ إِنِّي أَرَانِي أَحْمِلُ فَوْقَ رَأْسِي خُبْزًا تَأْكُلُ الطَّيْرُ مِنْهُ ط

کہا دوسرے نے [illegible] دیکھتا ہوں [illegible] اوپر سر اپنے کے روٹی کو کہ کھاتے ہیں پرندے [illegible]

نَبِّئْنَا بِتَأْوِيلِهِ ۖ إِنَّا نَرَاكَ مِنَ الْمُحْسِنِينَ ۝ قَالَ لَا يَأْتِيكُمَا طَعَامٌ

آگاہ کر ہم کو تعبیر اس کی تحقیق ہم دیکھتے ہیں تجھ کو نیکی کرنے والوں سے کہا یوسف نے نہ آوے گا تم کو طعام

تُرْزَقَانِهِ إِلَّا نَبَّأْتُكُمَا بِتَأْوِيلِهِ قَبْلَ أَنْ يَأْتِيَكُمَا ط ذَٰلِكُمَا مِمَّا عَلَّمَنِي

[illegible]

رَبِّي ط إِنِّي تَرَكْتُ مِلَّةَ قَوْمٍ لَا يُؤْمِنُونَ بِاللَّهِ وَهُمْ بِالْآخِرَةِ هُمْ

[illegible] خدا کی اور آخرت کی وہ

كَافِرُونَ ۝ وَاتَّبَعْتُ مِلَّةَ آبَائِي إِبْرَاهِيمَ وَإِسْحَاقَ وَيَعْقُوبَ ۚ

کافر ہیں اور پیروی کی میں نے دین باپ دادوں اپنے ابراہیم اور اسحاق اور یعقوب کی

مَا كَانَ لَنَا أَنْ نُشْرِكَ بِاللَّهِ مِنْ شَيْءٍ ۚ ذَٰلِكَ مِنْ فَضْلِ اللَّهِ عَلَيْنَا

نہیں ہے واسطے ہمارے یہ کہ شریک کریں ساتھ خدا کے کسی چیز کو یہ ہے فضل خدا کا اوپر ہمارے

وَعَلَى النَّاسِ وَلَٰكِنَّ أَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَشْكُرُونَ ۝

اور اوپر لوگوں کے اور لیکن بہت لوگ نہیں شکر کرتے ہیں

يَا صَاحِبَيِ السِّجْنِ أَأَرْبَابٌ مُتَفَرِّقُونَ خَيْرٌ أَمِ اللَّهُ الْوَاحِدُ

اے رفیقو میری زندان کے آیا خدایان متفرق بہتر ہیں یا خدا ایک

الْقَهَّارُ ۝ مَا تَعْبُدُونَ مِنْ دُونِهِ إِلَّا أَسْمَاءً سَمَّيْتُمُوهَا

قہار نہیں عبادت کرتے تم سوائے اس کے مگر ناموں کی [illegible]

أَنْتُمْ وَآبَاؤُكُمْ مَا أَنْزَلَ اللَّهُ بِهَا مِنْ سُلْطَانٍ ۚ إِنِ

تم نے اور باپ دادوں تمہارے نے نہیں اتاری خدا نے ساتھ ان کے کوئی حجت نہیں

الْحُكْمُ إِلَّا لِلَّهِ ط أَمَرَ أَلَّا تَعْبُدُوا إِلَّا إِيَّاهُ ط ذَٰلِكَ الدِّينُ

حکم مگر واسطے خدا کے حکم کیا ہے [illegible] کہ نہ عبادت کرو مگر اسی کی یہ ہے دین

الْقَيِّمُ وَلَٰكِنَّ أَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُونَ ۝ يَا صَاحِبَيِ

درست ہے اور لیکن بہت لوگ نہیں جانتے اے رفیقو میرے

السِّجْنِ أَمَّا أَحَدُكُمَا فَيَسْقِي رَبَّهُ خَمْرًا ۖ وَأَمَّا الْآخَرُ فَيُصْلَبُ

زندان کے لیکن ایک تم میں سے پس پلاوے گا اپنے صاحب کو شراب اور لیکن دوسرا [illegible]

فَتَأْكُلُ الطَّيْرُ مِنْ رَأْسِهِ ط قُضِيَ الْأَمْرُ الَّذِي فِيهِ تَسْتَفْتِيَانِ

پس کھاویں گے پرندے سر اس کے سے [illegible]

وَقَالَ لِلَّذِي ظَنَّ أَنَّهُ نَاجٍ مِّنْهُمَا اذْكُرْنِي عِندَ رَبِّكَ

اور کہا یوسف نی اوسکو جسکو گمان تہا نجات پانیکا اون دونون مین سی ذکر کریو میرا نزدیک مالک اپنی کی

فَأَنسَاهُ الشَّيْطَانُ ذِكْرَ رَبِّهِ فَلَبِثَ فِي السِّجْنِ بِضْعَ سِنِينَ ۝ ع

پس بہلا دیا اوسکو شیطان نی یاد کرنی یوسف کو نزدیک خداوند اپنی کی پس رہی یوسف بیچ قیدخانہ کی چند برس

قولہ وَدَخَلَ مَعَهُ السِّجْنَ فَتَيَانِ الخ اور داخل ہوئی ہمراہ اوسکی دو
جوان بندہ کان ریان سی کہ ایک اونمین سی ساقی بادشاہ تہا اور نام اوسکا
بونان تہا اور دوسرا باورچی کہ نام اوسکا مخلب تہا اس واسطی کہ
بادشاہ اونسی بدگمان تہا کہ یہہ زہر دینگی چنانچہ مروی ہی کہ باورچی نی کہانا لاکر
آگی بادشاہ کی رکہا ساقی نی عرض کیا کہ ای بادشاہ اسمین زہر ملا ہی اسکو نہ کہا
باورچی نی کہا کہ ای بادشاہ اس شراب مین زہر ملا ہی پس اوس کہانیکو ایک جانور کو کہلایا اور وہ
جانور مر گیا تو اس جہت سی بادشاہ نی دونونکو زندانمین بہیجا اور حال یوسف کا زندانمین یہہ تہا
کہ جستجوی حال قیدیونمین مصروف رہتی تہی اور اونکی بیماریمین عیادت اونکی جاتی تہی اور معالجہ اونکا
کرتی تہی اور کبہی بیٹہی اونکی پاس بیٹہتی تہی اور تشفی اونکی کرتی تہی خبرمین وارد ہی کہ جب یوسف
زندانمین داخل ہوئی تو قیدیونکو دلتنگ پایا کہا اونسی کہ خوشدل ہو اور صبر کرو کہ خدا اسکو فرو دیگا
ساتہہ خوشی اور ثواب عقبی کی اونہون نی سنی اس بات کی ہی خوش ہو کر کہا کہ خدا تجہی خیر دی کی
ہوا اور تیری کیا زیبا اور نیکو ہی تو کون ہی اور کس قبیلی سی ہی حضرت نی کہا کہ مین یوسف
بن یعقوب بن اسحاق بن ابراہیم خلیل اللہ ہون داروغہ زندان نی کہا کہ ای یوسف اگر
ہو سکتا تو مین چہوڑ دیتا مگر اب بہی تیری خدمت مین مقصر نکرونگا اور تمام زندانی اور اسیر نزدیک یوسف

کی آکر اظہار محبت و الفت کیا کرتی تہی یوسف نی فرمایا کہ ای یارو میری محبت مین غور کرو کہ جسنی
مجہسی محبت کی اوسنی محنت کہینچی چنانچہ پہوپہی میری مجہی دوست رکہتی تہی اور چاہتی تہی کہ
مجہکو اپنی پاس رکہی لہذا ایک کمربند کہ میراث ابراہیم سی اونکو پہنچا تہا کمر مین میری باندہا اور
جب مین سو گیا تو کہول لیا اور مجہہ پر تہمت چوری کیا تاکہ مدت ایکسال مجہکو اپنی پاس رکہین
اور اوس ہنگام مین جو اجہہ رکہی ہی مقرر رہتی بسبب دوستی الہ کی جہانی بارادرانمین گرفتار
ہوکر زلیخا تک پہنچا اور دوستی زلیخا سی بند زندانمین گرفتار ہوا قیدیون نی کہا کہ ہم تیری
الفت سی دست بردار ہوئی القصہ وہ قیدی سی انواع فوائد مستفید ہوتی تہی اور تعبیر خواب
پوچہتی تہی اور وہ تعبیر موافق ہوتی تہی اسواسطی تمام زندانی نزدیک یوسف کی حاضر رہتی تہی اور تعبیر
خواب کی پوچہا کرتی تہی ایک شب اون دونون شخصون نی کہ ساتہہ یوسف کی قید ہوئی تہی
خواب دیکہا اور حضرت یوسف سی بیان کیا اور بعضون نی کہا کہ خواب دیکہا تہا مگر راہ
امتحان پوچہا تہا اور تفسیر عیاشی مین جناب صادق علیہ السلام سی مروی ہی کہ جس وقت عزیز مصر نی
یوسف کو قید کیا تو حق تعالی نی یوسف کو قید ہی مین علم تعبیر خواب عطا کیا اور وہ دونون
جوان نی زندانمین یوسف سی پوچہا کہ تم کیا کمال رکہتی ہو یوسف نی کہا کہ کمال میرا بیان کرنا
تعبیر خواب کا ہی انتہی کلامہ اور تفصیل اوس خواب کی یہہ ہی کہ ساقی نی دیکہا کہ انگور تاک ہوئی مین
تین خوشہ انگور کی واسطی شراب عزیز کی اور اطلاق خمر کا اوپر انگور کی مجاز ہی اور کہا باورچی
نی کہ دیکہا ہو مین اپنی تئین باورچی خانہ مین بادشاہ کی کہ مین اوٹہائی ہون اوپر سر اپنی کی روٹی کو
کہاتی ہین اوسکو پرندی پس آگی کا ذکر انکو ساتہہ تعبیر خواب کی اور محمد بن مسعود عیاشی نی اپنی تفسیر مین
لکہا ہی کہ جناب صادق علیہ السلام سی منقول ہی کہ یہہ آیت اسطرح ہی إِنِّي أَرَانِي أَحْمِلُ

فوق راسی خفیة فیها خبز یعنی بدرستیکہ دیکھا میں نی کہ اوٹھائی ہوئیں اوپر
سر اپنی کی ایک کاسہ کہ اوسمیں روٹی ہی قوله یا صاحبی السجن اس کی دو معنی ہیں
ایک کہ اے دو یار میری قیدخانہ کی بنابر محذوف ہونی یای متکلم کی اور دوسری معنی یہ کہ اے
دو ساکن قیدخانہ کی صاحب بمعنی ساکن کی ہی قوله قضی الامر علی بن ابراہیم نی اپنی تفسیر
میں لکھا ہی کہ جوان اول نی خواب دیکھا تھا اور حضرت یوسف سی تعبیر اوسکی پوچھی تھی اور
جوان ثانی نی خواب نہ دیکھا تھا لیکن بنابر امتحان کی پوچھا تھا بعد اوسکی سننی کی کہا کہ میں نی
جھوٹ کہا تھا حضرت یوسف نی کہا کہ قضی الامر قوله وقال للذی ظن انه
منقول ہی کہ بادشاہ نی فرمایا کہ دو درجی کو دار پر کھینچو اور ساقی کو کہ صفت امانت اوسکی
ثابت ہوئی تھی منصب اول عطا کیا اور ہرگاہ کہ یوسف متوسل بمخلوق ہوئی واسطی نجات
اپنی کی اور ترک اولی عمل میں لائی جبرئیل نازل ہوئی اور یوسف کو کہ گوشہ زندان میں لیگئی اور
پر اپنا زمین پر مارا کہ طبقہ اول شکافتہ ہو گیا یوسف سی کہا کہ دیکھو تو کیا ہی یوسف نی کہا کہ
دوسرا طبقہ دیکھتا ہوں پس اسیطرح بتدریج ساتوں طبقوں کو شکافتہ کیا اور حضرت یوسف
کو دکھلایا بعد اسکی ایک سنگ بزرگ دکھلایا اور اوسپر بھی پر مارا کہ وہ شکافتہ ہو گیا
اور ایک کیڑا اوسمیں سی باہر آیا کہ اوسکی موںہ میں برگ سبز تھا تب جبرئیل علیہ السلام نی
کہا کہ پروردگار عالمیان نی بعد سلام کی فرمایا ہی کہ شرم نہیں کرتا ہی تو مجھسی کہ مخلوق گنہگار سی
اعانت چاہی اسکی عوض میں سات برس اور قید رکھونگا حضرت یوسف اسبات سی غمناک
ہوئی اور پوچھا کہ اے جبرئیل اس سی خدا مجھسی راضی ہی کہا جبرئیل نی کہا کہ آری یوسف نی کہا کہ جب
اللہ مجھسی راضی ہی تو اگر ستر برس بھی قید میں رہوں تو خوف نہیں ہی اور ابو عبد اللہ سی روی

ہی کہ جبرئیل یوسف پاس آئی اور کہا کہ اے یوسف یہ حسن و جمال تجکو کسنی دیا ہی کہ کوئی
دنیا میں مانند تیری نہیں ہی یوسف نی کہا کہ میری پروردگار نی پھر کہا کہ محبت تیری تیری
باپ کی قلب میں کسنی ڈالی اور کاروان کو سر چاہ پر کسنی پہنچایا اور تجکو کنوئیں سی کسنی بچایا کہ
بھائیوں نی تمہیں پھینکا تھا اور کید زنان کسنی تم پر غالب نہ کی دیا یوسف نی کہا کہ میری خالق
اکبر نی تو کہا جبرئیل نی کہ حق تعالی فرماتا ہی کہ کیا باعث ہوا کہ اب تو نی حاجت اپنی مخلوق سی
طلب کی اس سبب سی سات برس اور قید رکھونگا جب یوسف نی جبرئیل سی یہ بات سنا تو اسقدر
روئی کہ در و دیوار رونی لگی اور اہل زندان گریہ اونکی سی تنگ آئی اور مصالحہ اسپر قرار پایا کہ
اگر روز رویا کرو اور ایکدن چپ رہا کرو کوئی یہ نہ سمجھی کہ استعانت مخلوق سی واسطی دفع ضرر
کی درست نہیں اور باجماع جواز اسکا ثابت ہی بلکہ بعضی اوقات واجب تا ہی پس روایت مذکورہ دلالت
حرمت استعانت پر نہیں کرتی بلکہ عتاب یوسف پر سبب ترک عادت جمیلہ اوسکی کی تھا
کہ ہر بلا میں صبر اور تحمل اور توکل بخدا کرتی تھی اور قبح استعانت اوس صورت میں ہی کہ اعتماد
کلی مخلوق پر ہو اور توکل بخدا نکری اور اگر باوجود توکل بخدا مخلوق کو واسطہ کری دفع بلا کی
لیی تو گنہگار نہیں ہوتا ہی لہذا فی الخلاصۃ مولف کہتا ہی کہ جواب اسکی ترحم کا وجوہ دیگر سی
بھی ممکن ہی اول یہ کہ درصورت ترک اولی پیغمبروں سی یہہ توبیخ وارد ہو جاتا ہی اور کہا گیا ہی
کہ تکالیف انبیا کی مختلف ہوتی ہی ممکن ہی کہ واسطی ہماری استعانت مخلوق سی سنت ہو
اور اونکی واسطی ممنوع چنانچہ ذبح کرنا اپنی فرزند کا حضرت ابراہیم کو بھی اسیطرح سی اور
ثالث اسواسطی کہ اونھا ذمالی اپنی مقرب و مخصوص کی نہایت قبیح اور بد معلوم ہوتی ہی لہذا
حقتعالی نی اونکو تہدید کی ہو انتہی کلامہ مرکا پس ساقی مرتبہ تقرب کو پہنچا پس بھلا دیا اوسکو

شیطان نی یوسف کو اور رہی یوسف زندان مین چند سال مراد بضع سی وہ ہین کہ تین سی لیکر
نو تک ہی اور لوسی بھی ہوا اور بعضون نی کہا ہی کہ سات برس قید مین رہی اور بعضون نی کہا ہی کہ اٹھارہ برس
چنانچہ حضرت صادق علیہ السلام سی روایت ہی کہ حضرت یوسف وقت قید ہونیکی بارہ برس
کی تھی اور اٹھارہ برس قید رہی اور بعد نکلنی قید کی اسی برس جیتی رہی سب عمر اونکی ایکسو دس برس کی
ہوتی ہی و بعضون نی ضمیر فانسٰہ الشیطان کی طرف یوسف کی پھیری ہی کہ سوای
رونیکی حضرت یوسف کو کچھہ کام نہ تھا اتنی مین خبر زلیخا کو پہنچی زلیخا نی حکم کیا کہ زندانیون ایک ایک دریچہ
لنگر فاش طعام کھلاوین اور اونھین یوسف کو ٹہلاوین کہ وہ دیکھتی ہون کہ مدد کسی مشغول ہین اور
اتفاقا وہ دریچہ طرف کنعان کی واقع ہوا تھا ہر گاہ کہ شب ہوتی تھی تو یوسف اوس دریچہ
مین بیٹھتی تھی اور جو ہوا کہ کنعان کی طرف سی آتی تھی بان حال اوسسی حال کنعان کا پوچھتی تھی اور جو ہوا
کہ اودھر سی کنعان کو جاتی تھی پیغام اپنی حال کا بھیجتی تھی ایکبار بیٹھی تھی کہ ایک اعرابی کو دیکھا کہ
پر سوار جنگل کو جاتا ہی شتر نی سرکشی کی و متوجہ زندان کا ہوا ہر چند اعرابی نی پھیر کیا کہ کنعان کا آخر
اعرابی تنگ ہو کر پیادہ ہوا اور شتر کی مہار اپنی اوسکی ہاتھ سی چھوڑا کر شتر وہ نیک بچہ کی آگی آیا
اور زبان فصیح یوسف سی کہا کہ ای یوسف مین چرچ بلی اور ای کلمین کلمش یعقوبی کنعان سی مصر کو آیا
تھا اور اب مصر سی کنعان کو جاتا ہون اوس پر محنت زدہ کو کوئی پیغام بھیجتا ہی تو یوسف نی
جب نام پدر اور کنعان کا سنا نعرہ مارا اور بیہوش ہوا اور فریاد کرنی لگی تا کہ اعرابی نی چاہا کہ شتر کو عصا
مارے کہ زمین مین تا نصف ساق در آیا یوسف نی آواز دی کہ یا اخا العرب کچھہ دیر توقف کر کہ کچھہ
حکایات کہون تمہین اعرابی نی کہا کہ زمین مجکو پکڑی ہی کہین جا نہین سکتا ہون جو کچھہ چاہی تو کہہ
یوسف نی کہا کہ کہانسی آتا ہی تو کہا کنعان سی حضرت یوسف نی کہا کہ شتر اکثر چرا کا ہ مین تھا

کہا اونسی کہ ہر ایک آل یعقوب میں اور چشمہ سار کنعان سی ہی تب یوسف نی کہا کہ مین کنعان مین ایک
درخت کو جانتا ہی کہ اوسکی شاخین بہت ہین اور ایک دن شاخون مین سی ایک ہی کئی سال گذری مین
اوسکی اور شاخ مین لگ کرتی ہی اعرابی نی کہا کہ جو کچھہ تم کہتی ہو سو حال یعقوب ہی کہ بارہ بیٹی تھی
ایک اون مین سی غائب کیا ہی مدت گذری کہ فراق مین اوسکی روتی ہین اور ایک جورا بنا یا ہی کہ
نام اوسکا بیت الحزن رکھا ہی جو کوئی دو مہری گذرتا ہی و شی حال فرزند گم شدہ پوچھتی ہین اور
[illegible] سی اوسکی خبر نہین دیتا یوسف یہ بات سنکر نہایت محزون ہوئی اور رونی
لگی اور کہا کہ ای اعرابی یہان سی کہان جائیگا تو کہا اونسی کہ یہ کو جاتا ہون کہ متاع مناسب
بیچ کر اور بعد اوسکی کنعان جاؤن یوسف نی کہا کہ اس بیع مین کسقدر نفع کی طمع ہی تجھی کہا
اونسی کہ سو درہم کی یوسف نی کہا کہ مین ایک تحفہ تجھی دیتا ہون کہ ہزار درہم کو بکی کا بہا نسی تو
کنعان کو جا جس وقت کہ کنعان مین پہنچی تو بیت الحزن مین جا ئیو اور کہیو کہ ای پیغمبر خدا مین ایک
غریبان ہون کہ زندان مین گرفتار ہین و ست تضرع درگاہ خدا مین اوٹھاؤ اور ہماری اسطی دعا
